## 162985 ـ فرضی نماز کے بعد ماتھے پر ہاتھ رکھ کر کوئی دعا کرنی سنت نہیں

**سوال**

فرضی نماز کے بعد ماتھے پر ہاتھ رکھ کر ایك دعا پڑھی جاتی ہے، میں اس کے متعلق حدیث معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ یہ کونسی حدیث میں وارد ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اول:

احادیث نبویہ سے ثابت ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرضی نماز سے فارغ ہوتے تو تین بار استغفر اللہ کہتے اور پھر اللھم انت السلام و منك السلام تبارك یا ذا الجلال و الاکرام پڑھتے.

اور آیۃ الکرسی اور سورۃ الاخلاص اور سورۃ الفلق اور سورۃ الناس ایك بار پڑھتے، آپ تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر ( 104163 ) کے جواب کا مطالعہ کریں.

دوم:

تلاش کرنے کے باوجود تو ہمیں کوئی ایسا دعا نہیں ملی جو سائل نے بیان کي ہے کہ فرضی نماز کے بعد ماتھے پر ہاتھ رکھ کر پڑھی جاتی ہے.

شیخ ابن باز رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال دریافت کیا گیا:

کچھ لوگ نماز ختم ہونے کے بعد اپنے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر کوئی دعا پڑھتے اور کہتے ہیں کہ یہ سنت ہے، کیا ان کی یہ بات صحیح ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" ہمارے علم کے مطابق تو اس بات کی کوئی اصل نہیں ہے کہ نماز ختم ہونے کے بعد ماتھے پر ہاتھ رکھ کر کوئی دعا پڑھنے کی کوئی اصل اور دلیل نہیں ہے " انتہی

ماخوذ از: فتاوی نور علی الدرب.

والله اعلم .